# Regional Urdu Text Bulletin, Aurangabad.

Date: 08 October -2023

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی اورنگ آباد

علاقائی خبریں

تاریخ: 08 ؍اکتوبر ۲۰۲۳ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

::::: سرخیاں ::::::

سب سے پہلے پیش ہے خاص خبروں کی سُرخیاں:

☆ مولاسیس پر جی ایس ٹی میں تخفیف، باجرہ کی آمیزش والا کھلا آٹا ٹیکس سے مستثنیٰ۔

☆ رِیاست کے تمام اضلاع میں بانس کی کاشت پر سبسیڈی زیرِ غور۔ وَزیرزراعت دھننجے منڈے کا اعلان۔

☆ ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کا مرکزی یوتھ فیسٹیول اختتام پذیر۔

☆ ایشیائی کھیلوں میں 28؍ طلائی تمغوں سمیت 107؍ تمغے جیت کر بھارت کی ریکارڈ کارکردگی۔

اور ☆ ایک روزہ بین الاقوامی عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں آج بھارت کا مقابلہ آسٹریلیاء سے۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

راب یعنی مولاسیس پر عائد اشیاء وخدمات ٹیکس جی ایس ٹی 28؍ فیصد سے کم کرکے 5؍ فیصد کردی گئی ہے۔ جبکہ باجرہ کی 70؍ فیصد آمیزش والے کھلے آٹے کو ٹیکس سے مستثنیٰ کردیا گیا ہے۔ تاہم معلومات کی چھپائی کے ساتھ پیک شدہ آٹے پر 5؍ فیصد جی ایس ٹی عائد رہے گا۔ کل نئی دہلی میں جی ایس ٹی کونسل کے 52؍ ویں اجلاس کے بعد مرکزی وَزیر مالیات نرملا سیتارمن نے یہ اطلاع دی۔ کونسل نے سرکاری اِداروں کو پانی کی فراہمی، صفائی، صحت کی خدمات اور کوڑا کرکٹ ضائع کرنے کے عمل کو جی ایس ٹی سے مستثنیٰ کرنے کی سفارش کی ہے۔

اس کے علاوہ کونسل نے یہ بھی سفارش کی کہ ریلوے میں مہیا کی جانے والی اشیاء اور خدمات پر فارورڈ چارج کی طرز پر ٹیکس عائد کیا جائے۔ جس سے ان خدمات پر اِن پُٹ ٹیکس کا فائدہ حاصل کیا جاسکتا ہے۔ جی ایس ٹی ٹریبونل کے سربراہ کی عمر کی حد 67؍ برس سے بڑھا کر 70؍ برس کرنے کی اطلاع بھی نرملا سیتارمن نے دی۔

***** ***** *****

وَزیرزراعت دھننجے منڈے نے کہا ہے کہ رِیاست کے تمام اضلاع میں بانس کی کاشت کیلئے سبسیڈی دینے کی کوشش کی جائے گی۔ انہوں نے کل لاتور ضلع کے لودگا میں فنکس فاؤنڈیشن زرعی کالج بانس ٹشو کلچر، بانس سے تیار ہونے والے فرنیچر کی پروسیسنگ صنعت کا دورہ کیا۔ بعدازاں اخباری نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بانس کی کاشت سے مٹی کی زرعی صحت بہتر ہوتی ہے۔ اس لئے لاتور اور ساتارا میں تجرباتی بنیاد پر ہونے والی زرعی کاشت اب بیڑ ضلع میں بھی کی جائیگی۔ انہوں نے مزید بتایا کہ ریاست کا زرعی

شعبہ اب مٹی کی جانچ پر زیادہ توجہ دیگا۔اور اس کے لئے محکمہ ڈاک کی خدمات حاصل کی جائیگی۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں تعمیر کردہ سوپر اسپیشلٹی اسپتال آئندہ 5 نومبر تک شروع کرنے کا حکم ممبئی عدالت عالیہ کی اورنگ آباد بینچ نے دیا ہے۔رکن پارلیمان سید امتیاز جلیل نے اس اسپتال کی نجی کاری کا الزام عائد کرتے ہوئے اس سلسلے میں اورنگ آباد بینچ میں ایک مفاد عامہ کی عرضداشت داخل کی تھی۔اس عرضداشت پر سماعت کے دوران عدالت نے اسپتال میں ضروری تمام ملازمین کی بھرتی کا عمل 28 اکتوبر تک مکمل کرنے اور طبی خدمات کا 5 نومبر تک آغاز کرنے کا حکم جاری کیا۔بعدازاں سید امتیاز جلیل نے اخباری نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عدالت عالیہ نے ان کی مفاد عامہ کی عرضداشت کا سخت نوٹس لیتے ہوئے ۵ نومبر تک اسپتال میں مکمل آپریشن کے آغاز کا حکم دیا ہے۔سرکاری میڈیکل کالج اسپتال گھاٹی میں طبی خدمات کے نقائص پر امتیاز جلیل نے عرضداشت داخل کی تھی۔عدالت نے درخواست گذار کو سرکاری وکیل کے ساتھ اسپتال کا معائنہ کرنے کی ہدایت کی۔کل رکن پارلیمان نے یہ معائنہ کیا اور کہا کہ اس سے قبل جو مقامات صاف نہیں تھے اب وہ صاف ستھرے نظر آرہے ہیں۔

ناندیڑ کے سرکاری اسپتال میں 5 اکتوبر اور 6 اکتوبر کے 24 گھنٹوں کے دوران 6 افراد کی موت واقع ہوئی اور 165 مریض صحتیاب ہوکر ڈسچارج ہوئے۔ضلع کلکٹر ابھیجیت راؤت نے بتایا کہ تشویشناک مریضوں کی اموات کی شرح صفر اعشاریہ ساتھ فیصد سے کم ہے۔ضلع انتظامیہ نے اسپتال کو ادویہ وآلات کیلئے اضافی انتظامی منظوری دی ہے۔اور اس اضافی مدد کے طور پر خانگی ڈاکٹرس اور نرسیس کی خدمات بھی مہیا کی جائیگی۔

***** ***** *****

جالنہ ضلع انتظامیہ کی جانب سے کوتوال کے عہدے کیلئے منعقدہ امتحانات کے سوالیہ پرچے افشا ہونے کی بات سامنے آئی ہے۔ اس سلسلے میں کرائم برانچ کی ٹیم نے جالنہ شہر کے امتحانی مرکز پر پیپر لکھنے کیلئے الیکٹرانکس ڈیوائس استعمال کرنے والے تین مشتبہ افراد کو حراست میں لیکر ان کے خلاف مقدمہ درج کرلیا ہے۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع پریشد کے درجہ سوم کے ملازمین کی بھرتی کے لئے امتحانات کا کل سے آغاز ہوا۔4 امتحانی مراکز پر یہ امتحانات جاری ہیں۔ان مراکز پر ۱۱ تاریخ تک امتناعی احکامات نافذ کردیئے گئے ہیں۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی اورنگ آباد سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر کی ڈاکٹر باباصاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کے احاطے میں ۴ تاریخ سے جاری مرکزی یوتھ فیسٹیول کل اختتام پذیر ہوا۔معروف فلمی اداکارہ ورشا اُوسگاؤنکر اور اداکار پروین ڈاڑ یمبکر اختتامی تقریب میں شریک تھے۔اس یوتھ فیسٹیول میں دیوگیری کالج نے ۱۶ انعامات سمیت موسیقی کے شعبے کی ڈھال اور بہترین ٹیم کا اعزاز بھی حاصل کیا۔یونیورسٹی پوسٹ گریجویشن شعبے کی ٹیم نے 10 انعامات حاصل کئے۔جبکہ دیہی زمرے میں کنڑ کے شیواجی کالج نے بہترین ٹیم کا انعام حاصل کیا۔

***** ***** *****

چین میں جاری ایشیائی کھیلوں میں بھارت نے اب تک کی بہترین کارکردگی پیش کرتے ہوئے مجموعی طور پر 107 ر تمغے حاصل کئے ہیں۔ بھارت نے کل ۶ رطلائی، ۴ رنقرئی اور ۲ کانسے کے تمغے حاصل کئے۔کل 28 طلائی، 38 رنقرئی اور 41 رکانسے کے تمغے جیت کر بھارت ان مقابلوں میں میڈلس ٹیلی میں اپنا چوتھا مقام برقرار رکھے ہوئے ہے۔صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو اور وزیراعظم نریندر مودی نے کامیابی حاصل کرنے والے تمام کھلاڑیوں کو مبارکباد پیش کی ہے۔وزیراعظم نریندر مودی ۱۰ رتاریخ کو ان تمام کھلاڑیوں سے بات چیت کریں گے۔

کل کھیلوں کے ۱۴ رویں دن کبڈی میں بھارت کے مردوں اور خواتین کی ٹیموں نے طلائی تمغے حاصل کئے۔تیراندازی کے کمپاؤنڈ زمرے کے انفرادی ایونٹ میں بھارت کی جیوتی سریکھا اور اوجس دیوتڑے نے طلائی تمغے حاصل کئے۔اس زمرے میں ابھیشک ورما نے نقرئی تمغہ اور آدیتی گوپی ناتھ نے کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔جیوتی اور اوجس دونوں کا یہ تیسرا طلائی تمغہ ہے۔بیڈمنٹن کے ڈبلز میں چراگ شیٹی اور ساتو یک سائی راج نے کوریائی جوڑی کو شکست دے کر طلائی تمغہ حاصل کیا۔

جبکہ کرکٹ میں افغانستان کے خلاف فائنل میچ بارش کے باعث منسوخ کرنا پڑا۔تاہم بھارت کی ٹیم کو تیز رفتار اسکورنگ کے باعث طلائی تمغہ دیا گیا۔

خواتین کی ہاکی ٹیم نے جاپان کو شکست دے کر کانسے کا تمغہ جیتا۔پہلوان دیپک پونیا نے 86 رکلووزنی زمرے میں فری اسٹائل کشتی میں نقرئی تمغہ حاصل کیا۔شطرنج میں مردوں اور خواتین کی ٹیموں کو چاندی کے تمغے ملے۔

***** ***** *****

ایک روزہ بین الاقوامی عالمی کپ ٹارنامنٹ میں آج بھارت کا افتتاحی میچ آسٹریلیاء سے ہوگا۔چینئی کے ایم اے چدمبرم اسٹیڈیم پر دوپہر ۲ ربجے اس میچ کا آغاز ہوگا۔ٹورنامنٹ میں کل کھیلے گئے میچوں میں بنگلہ دیش نے افغانستان کو ۶ روکٹ سے شکست دیدی۔جبکہ دوسرے میچ میں جنوبی افریقہ نے سری لنکا کو 102 ررن سے شکست دیدی۔جنوبی افریقہ نے پہلے بلے بازی کرتے ہوئے عالمی کپ کی تاریخ کا سب سے بڑا اسکور کھڑا کیا اور 5 روکٹ کے نقصان پر 428 ررن کے جواب میں سری لنکا کی پوری ٹیم ہدف کا تعاقب کرتے ہوئے 326 ررن پر آؤٹ ہوگئی۔

***** ***** *****

بیڑ میں رابطہ وزیر دھننجے منڈے نے کل مختلف ترقیاتی کاموں کا جائزہ لینے کیلئے ایک اجلاس طلب کیا۔پانی کی اور چارے کی قلت، زمین ایکوائر کرنے اور دیگر موضوعات پر اس اجلاس میں تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر ضلع سرکاری اسپتال کی صورتحال کا بھی وزیر موصوف نے جائزہ لیا۔

***** ***** *****

:::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ مولاسیس پر جی ایس ٹی میں تخفیف، باجرہ کی آمیزش والا کھلا آٹا ٹیکس سے مستثنیٰ۔

☆ رِیاست کے تمام اضلاع میں بانس کی کاشت پر سبسیڈی زیرِ غور۔ وَزیر زراعت دھننجے منڈے کا اعلان۔

☆ ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی کا مرکزی یوتھ فیسٹیول اختتام پذیر۔

☆ ایشیائی کھیلوں میں 28/ طلائی تمغوں سمیت 107/ تمغے جیت کر بھارت کی ریکارڈ کارکردگی۔

اور ☆ ایک روزہ بین الاقوامی عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں آج بھارت کا مقابلہ آسٹریلیاء سے۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

**ان خبروں کو آپ آکاشوانی سماچار اورنگ آباد اور یوٹیوب چینل' اورنگ آباد AIR NEWS پر دوبارہ کسی بھی سن سکتے ہیں۔**

***** ***** *****